ناشر : اسلم بک ڈپو چاڑھی سحر، ۲۰۱۲ء

قیمت وصفحات : ۳۰۰ روپے، صفحات ۳۱۱

پروفیسر ڈاکٹر عبدالوحید اندھڑ گورنمنٹ ماڈل دینی مدرسہ کے پرنسپل ہیں، اور مدرسہ مظہر العلوم کے فارغ التحصیل ہیں، اس ادارہ پر کوئی مستقل تصنیف نہیں تھی، حالانکہ یہ مدرسہ قیام پاکستان سے پہلے سے قائم ہے، اس کے طلباء مزید تعلیم کے لئے دارالعلوم دیو بند دارالعلوم ندوہ جایا کرتے تھے اس ادارے نے بڑے نامور لوگ پیدا کئے۔

ڈاکٹر صاحب نے بڑا احسان فرمایا اس ادارہ کی خدمات کو محفوظ کردیا یہ کتاب دس ابواب، ایک مقدمہ اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ پہلے باب میں دینی مدارس کا ارتقاء دوسرے اور تیسرے باب میں سندھ میں اسلام و دینی مدارس کا ارتقاء، چوتھے باب میں کراچی کا تاریخی پس منظر، پانچویں باب میں مدرسہ مظہر العلوم کا ارتقاء اور مہتممین کا تعارف پیش کیا گیا ہے، چھٹے باب میں مدرسہ کے مشہور اساتذہ و طلباء کا تعارف، ساتویں باب میں مدرسہ کی تعمیراتی تاریخ، آٹھویں باب میں مدرسہ کی علمی، سیاسی، تصنیفی خدمات کے ساتھ تحریک آزادی اور نویں باب میں حصہ لینے والی شخصیات کی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے، دسویں باب میں مدرسہ کے نصاب، شعبہ جات، کتب خانہ، دارالافتاء وغیرہ کا تعارف کروایا گیا ہے۔ آخر میں کتاب کا انگریزی خلاصہ اور مصادر و مراجع کو پیش کیا گیا ہے۔

ڈاکٹر صاحب اس جامع باحوالہ تحقیقی کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ حکومت سندھ کو چاہئے پاکستان کی لائبریریوں کے لئے اس کتاب کو منظور کرے اور ہر لائبریری کی زینت بنائے تاکہ آنے والی نسل ان خدمات اور قربانیوں سے واقف ہو۔

کتاب کا نام : حضور اقدس ﷺ کے طنز و مزاح

مصنف : پروفیسر ریاض الدین ربانی

ناشر : مکتبہ عثیمیہ مکان نمبر ۱۱۷ ۵-۴ محمدی کالونی سی ون ایریا، لیاقت آباد، ۲۰۱۲ء، فون نمبر: ۰۳۳۳-۲۱۵۳۱۱۲

قیمت وصفحات : ۱۵ روپے، صفحات ۱۶

پروفیسر ریاض الدین ربانی صاحب نے ساری زندگی درس و تدریس میں گزاری ہے، میں نے